انڈر 16سیریز:پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان پہلے تین روزہ میچ کا پہلا روز مکمل

- قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کےمیڈیم پیسر احمد خان کے 4 شکار
- بنگلہ دیش کے ردوان حسین اور نعیم احمد نے نصف سنچریاں اسکور کیں

لاہور،25اکتوبر 2019ء:

کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری تین روزہ میچ کے پہلے روز قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کے میڈیم پیسر احمد خان کے4شکارکی بدولت مہمان ٹیم پہلی اننگز میں204اسکور پر ڈھیر ہوگئی۔ دن کے اختتام پر قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم نے 4 وکٹوں کے نقصان پر 40 رنز بنالیے۔

اس سے قبل پاکستان انڈر 16کرکٹ ٹیم کےکپتان عالیان محمودنے ٹاس جیت کر پہلےفیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ محض 35 رنزپر مہمان ٹیم کے ابتدائی 2 کھلاڑی آؤٹ ہونے کے بعد مڈل آرڈر بلے باز ردوان حسین اور کپتان نعیم احمد کے درمیان 75 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ردوان حسین 84 اور نعیم احمد 54 رنز بناکر ٹاپ اسکور ررہے۔ بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم کی پوری ٹیم 63.5 اوورز میں 204رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کی جانب سے احمد خان نے 43 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ کپتان عالیان محمود اور علی اسفند نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں پاکستان انڈر 16 کرکٹ ٹیم کی جانب سے پہلی اننگز کا آغاز متاثر کن نہ رہا اور دن کے اختتام تک 4 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے۔ قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کی جانب سے محمد وقاص اور عباس علی میچ کے دوسرے روز40 کے مجموعی اسکور سے کھیل کاآغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk